خسرہ کی ویکسینیشن سے 15 بچے انتقال کرگئے

samaa.tv 05/June/2017, 07:57

سوڈان : جنوبی سوڈان میں خسرہ سے بچاؤ کی ویکسی نیشن کی مہم کے دوران پندرہ بچے انتقال کرگئے۔

غیر ملکی خبر رساں ایجنسی اے پی کے مطابق جنوبی سودان کے علاقے کاپوٹا میں خسرہ کی ویکسی نیشن کی مہم کے دوران تین سو بچوں کو ٹیکے لگائے گئے، جس میں سے پندرہ بچے ہلاک اور 32 کی حالت بگڑ گئی۔







حکام نے واقعہ کی تحقیقات کے بعد بتایا کہ ہلاک اور بیمار ہونے والے بچوں کو ایک ہی سرنج سے ویکسین دی گئی جس کے باعث یہ سانحہ پیش آیا۔

ذرائع کے مطابق یہ بات بھی سامنے آئی ہے کہ ویکسین صحیح طور پر محفوظ نہیں کی گئی تھی۔ 15 بچوں کو انجکشن لگایا تو دوا کاری ایکشن ہونے سے انہیں شدید انفیکشن ہوگیا، جس کے نتیجے میں ان کی موت واقع ہوئی۔



NewsHub






تحقیق سے ایک اور بات منظر عامل پر آئی جس کے مطابق جنوبی سوڈان کے وزیر صحت کا کہنا تھا کہ ویکسی نیشن ٹیم بھی نااہل اور غیر تربیت یافتہ تھی۔



اقوام متحدہ کے ادارہ برائے اطفال یونیسیف نے جنوبی سوڈان میں رواں سال 12 لاکھ بچوں کو خسرہ سے بچاؤ کے ٹیکے لگانے کا منصوبہ بنایا ہے۔ سماء

 625
 740
 725

Hot news

زخمی وہاب ریاض اسپتال روانہ

